# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء وشخصیات کے تأثرات کے اقتِباسات (قسط چہارم)




- **مَدَنی چینل** کو ہم سب گھر والے امی، ابو، بہن، بھائی ایک ساتھ بیٹھ کر دیکھ سکتے ہیں۔ 15
- **مَدَنی چینل** پر پیش کئے جانے والے پروگرام (سلسلے) بہت عمدہ، معیاری اور معلوماتی ہیں۔ 25
- **مَدَنی چینل** روح کو تقویت اور قلب کو سکون دینے والا چینل ہے۔ 34
- **مَدَنی چینل** سے بدعقیدگی اور بدعملی کے سیلاب کو روکنے میں مدد ملے گی۔ 43
- **مَدَنی چینل** اِحیاءِ سنّت کا ذریعہ بھی ہے اور اہلسنّت کا پیغام رَساں بھی۔ 44



باہتمام:

مجلس رابطة بالعلماء والمشائخ

(دعوتِ اسلامی)

مکتبۃ المدینہ

SC1286

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شَخصیّات کے تأثُّرات کے اِقتِباسات (قِسط چہارُم)

## دُرُود شریف کی فضیلت

حضرتِ سیِّدُنا امام محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نقل فرماتے ہیں:

''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُنا **موسیٰ کلیم اللہ** عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی طرف وحی فرمائی کہ مَیں نے تجھ میں دس ہزار کان پیدا فرمائے، یہاں تک کہ تُو نے میرا کلام سُنا اور دس ہزار زبانیں پیدا فرمائیں جن کے ذریعے تُو نے مجھ سے کلام کیا۔ تُو مجھے بَہُت زِیادہ محبوب اور میرے نزدیک ترین اُس وقت ہوگا جب تُو میرا ذکر کرے گا اور **مُحَمَّد** (صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم) پر کثرت سے دُرُود بھیجے گا۔''

(اَلقَولُ البَدِیع ص۲۷۵۔۲۷۶ مؤسسة الريان بيروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

# مَدَنی چینل ''پیغامِ حق'' کو عام کرنے کا مؤثر ذریعہ

**حق وباطل** کا مقابلہ انسان کی آفرینش (پیدائش) سے جاری ہے، حضرت سیِّدُنا آدم صفی اللہ عَلٰی نَبِیِّناوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں **ابلیس**، حضرت ہابیل رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے مقابلے میں **قابیل**، حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّناوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں **نمرود**، حضرت سیِّدُنا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّناوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے مقابلے میں **فرعون** اور ہمارے پیارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مقابلے میں **ابولہب وابوجہل** وغیرہ۔اس طرح ہر زمانہ میں باطِل مختلف اشخاص اور صورتوں میں حق سے نبرد آزما رہا ہے لیکن فتح ہمیشہ حق کو حاصل ہوئی اور باطِل کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا کیونکہ **اللہ** تعالٰی کا فرمان ہے: ﴿ **وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴿۸۱﴾** (پ۱۵ بنی اِسراء یل ۸۱) ﴾ **امام اہلسنّت**، اعلیٰ حضرت، مجدِّد دین وملّت **مولانا شاہ امام احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن اپنے شہرۂ آفاق ترجمۂ قرآن **کنزُ الایمان** میں اس کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں: ''اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل کو مٹنا تھا۔''

**ہمارا** یہ دور میڈیا کا دور ہے، الیکٹرانک میڈیا افکار ونظریات پھیلانے کا

بہترین وموَثر ذریعہ ہے۔ بَہُت سے لوگوں نے اپنے مخصوص نظریات و مُعتَقَدات پھیلانے کے لئے مختلف ناموں سے چینلز شروع کرر کھے ہیں اور وہ اپنے گمراہ کن اور باطِل نظریات کو شب و روز پھیلا رہے ہیں اور اُمتِ مسلمہ کو گمراہ کرنے کے لئے شیطانی سازشیں کررہے ہیں۔جس کے سبب ہماری جوان نسل خاص طور پر گمراہی اور بے راہ رَوی کا شکار ہوتی جارہی ہے۔ان کی شَر انگیزیاں کسی سے ڈھکی چُھپی نہیں۔ ضرورت تھی کہ **صدائے حق** کو بلند کیا جائے۔جتنی طاقت و جوش سے باطِل اپنے بازوؤں سے کائنات کی رُوح مکدر کررہا ہے۔اِتنا ہی طاقت وقوت سے **حق کی آواز** کو بلند کیا جائے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **"دعوتِ اسلامی"** کی **مرکزی مجلس شوریٰ** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے پوری قوم کے اِس قرض سے باحسن صورت عہدہ بَرآ ہوچکی ہے۔عقائدِ صحیحہ کی ترویج و اشاعت کی خاطر اور قوم مسلم کو فاسد و کاسد خیالات سے محفوظ رکھنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز معاشرے کے مرض کا برمحل علاج ہے۔**مَدَنی چینل** سے بَہُت سے لوگوں کی غلط فہمیوں کا ازالہ ہورہا ہے اور کتنے لوگ حلقہ بگوش اِسلام ہورہے ہیں۔کتنے مسلمان غلط روی سے راہِ راست اپنارہے ہیں۔اس کے ذریعے **اللہ** تعالیٰ کی وحدانیت کے **نُور** اور شمعِ

رسالت صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نورانی کِرنوں سے قلوب واذہان کی دُنیا کو منوّر کیا جارہا ہے۔اس طرح باطِل کی پھیلائی ہوئی تاریکی ''فیضانِ مدینہ'' کے نُور سے روشن ہورہی ہے۔ یہ اسلام کے عِطْر کی ایسی مَدَنی مہک ہے جو دُنیا بھر کو مُعطَّر کرنے کا سامان ہے۔ اس سے حق کا بول بالا اور مسلمانوں کا منہ اُجالا ہو رہا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کَثِیر عُلَماء وشخصیّات نے **مَدَنی چینل** کے اِنقلابی اِقدام پر دعوتِ اسلامی کی **مَجلِس رابِطَہ بِالعُلَمَاء وَالمَشَائِخ** اور دیگر مُبلِّغین کے ذریعے اپنے تأثرات سے نوازا ہے جن کے اقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

## (189) حضرت مولانا قاری محمد خان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ تعلیم القرآن، خطیب جامع مسجد زینب، فاروق کالونی والٹن، مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کا قیام بَہُت اچھا اقدام ہے۔ یہ ایک بَہُت بڑا میدان جو تبلیغی اعتبار سے خالی چلا آرہا تھا اس کو پُر کرنے کی عملی کوششیں کی گئیں ہیں۔ میرے خیال میں اگر ہم حالاتِ حاضرہ کے تقاضوں کے مطابق صحیح پیغام پہنچانے کی کوشش کریں تو کہیں بہترین نتائج حاصل کرسکتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (190) حضرت مولانا محمد جان چوہان مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مرکزی نشر واشاعت جماعت اہلسنّت، احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کی آمد سے مسلمانوں کو رہنمائی کا حصہ ملا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (191) حضرت مولانا قاری محمد اشفاق اعوان مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، النور ٹاؤن ورکشاب سٹاپ والٹن روڈ، مرکز الاولیاء لاہور)

**اَزَل** سے شرارِ ابولہبی، چَراغ مصطفوی صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم سے نبرد آزما (نَ۔بَرُد۔آزما) رہا ہے، خود صَفْحۂ ہستی سے نیست ونابود ہو گیا مگر فیضِ مصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکا۔ آج اِس پُرفتن دور میں اِسلام اور مسلمان جن ابتلاؤں اور آزمائشوں میں مبتلا ہیں اِس کا اندازہ حضور صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کا ایک ادنٰی سا غلام بھی لگا سکتا ہے۔ تاہم بطورِ مسلمان ہم سب کی ذمہ داری اور مذہبی فریضہ ہے کہ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ وَ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے، پر توجہ دیں اور عملی طور پر کاربند رہیں۔ اِس کارِ خیر اور مذہبی فریضے میں دعوتِ اسلامی نے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں۔ آج کے میڈیا کی شَر انگیزیاں کسی

سے ڈھکی چُھپی نہیں۔ ضرورت تھی کہ صدائے حق کو بلند کیا جائے۔ جتنی طاقت و جوش سے باطل اپنے بازوؤں سے کائنات کی رُوح مکدّر کررہا ہے، اتنی ہی طاقت وقوت سے ضرورت تھی کہ آوازِ حق کو بلند کیا جائے۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَل **مَدَنی چینل** اوراس کی تمام ٹیم (مجلس) کو زمانے کے طوفانوں سے محفوظ فرمائے، دنیوی واُخروی اعتبار سے کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (192) حضرت مولانا محمد فضل منان قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صوبائی دفتر تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان، مہتمم جامعہ قادریہ نوشہرہ روڈ، مردان، سرحد، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کھولنے کی خبرسُن کر بہُت خوشی ہوئی۔ میرے نزدیک تو یہ ایک بَروقت فیصلہ ہوا اور یہ وقت کی اہم ضرورت ہے، وہ اِسکرین جس پر لوگ بے حیائی، فحاشی اورعُریانی کو عام کرتے تھے آج اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے تَوَسُّط سے قرآن وحدیث کو عام کیا جارہا ہے۔ لوگوں کو نیکیوں کی ترغیب اور گناہوں سے ترہیب دلائی جارہی ہے بالخصوص اہلسنّت و جماعت کے عوام کے لیے ایک سامانِ ہدایت ہے اورسب سے جو بڑی بات ہے وہ یہ کہ **دعوتِ**

**اسلامی** کا جو فیضان محراب و منبر یا ایک مسجد میں پھیل رہا تھا اب وہ فیضان پوری دُنیا میں بیک وقت پھیل رہا ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ **اللہ** کریم اِس **فیضانِ دعوتِ اسلامی** کو اور عام کرے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (193) حضرت مولانا ریاض احمد جمالوی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جنرل سیکرٹری سُنی علماء کونسل، خطیب مرکزی جامع مسجد تاج، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

**دُنیا** میں نشیب و فراز آتے رہتے ہیں، کبھی اَندھیرا کبھی اُجالا، موجودہ حالات میں جب کہ ہر طرف لادِینیت کا اندھیرا ہے، اِسی اندھیرے اور ظُلمت کے غم نے ہر دردمند مسلمان کو مغموم کر رکھا ہے اور وہ خون کے آنسو بہانے پر مجبور ہے۔ ان حالات میں ضرورت اس اَمر کی تھی کہ کوئی مذہبی تحریک یا مذہبی رہنما قوم کی رہنمائی کے لیے میدانِ عمل میں آتا اور عالمی سطح پر اُمتِ مُسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ ادا کرتا۔ اگرچہ ہمارے عُلماء اور مَشائخ نے قوم کی اصلاح اور رہنمائی کے لیے اپنے آپ کو وقف کر رکھا ہے۔ لیکن عالمی سطح پر لادینیت، فحاشی وعُریانی کا سدِّ باب ناممکن نظر آتا ہے۔ یہ بات عالَمِ اسلام کے تمام مسلمانوں کے لیے خوش آئند ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیر

اہلسنّت عاشقِ مدینہ منوّرہ حضرت علامہ **محمد الیاس عطّار قادری** عم فیوضہٗ نے **مَدَنی چینل** شروع کر دیا ہے، اس کے ذریعے نوجوان نسل کو اسلام وقرآن کے پیغام سے آگاہ کیا جائے گا اور اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی برکت سے مسلم قوم کے دِل عشق خدا عَزَّوَجَلَّ اور حُبِّ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے لبریز ہوں گے اور اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ فحاشی وعُریانی کا خاتمہ ہو سکے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (194) حضرت مولانا محمد رمضان نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ حنفیہ فریدیہ، بصیر پور شریف، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

**حُضُور** سیِّدی وسَنَدی، قبلہ محترم ومکرّم، فنافی الرَّسُول، بَرَکت العصر، غوثِ زمان، غزالیٔ دوراں، کُشتۂ عشقِ مصطفیٰ جناب الحاج پیر صاحبزادہ ابو بلال مولانا علاّمہ **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ سے گزارش یہ ہے کہ آپ نے اصلاحِ اُمّت کے لیے تحریراً تقریراً جو مشن بھی اپنایا، خوب اپنایا اور خوب نبھایا حتّٰی کہ **مَدَنی چینل** کا تحفۂ عظیمہ بھی اس اُمّت کو آپ کی برکتوں سے نصیب ہوا۔ آپ مُدَّظِلُّہ کی تمام دینی خدمات پر **اللہ کَرِیم** جلَّ جلالہٗ اپنی بارگاہ سے ضرور بالضرور آپ کو اَجرِ

عظیم سے نوازے گا۔آپ کے چینل کا نام بھی نرالا ہے، کام بھی نرالا۔ بلامُبالَغہ یہ واحد خالص دِینی و مذہبی چینل ہے جو''نام نِہاد''اِسلامی چینلز پر یقیناً سبقت لے گیا ہے۔اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا مستقبل روشن ہے اس کو بند کرنا بلاشُبہ ہماری قوم سے ناانصافی ہوگی، علمی معلومات سے محرومی ہوگی۔اس کا چلنا ہی میرے لجپال آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبوب اُمت کے حق میں محبوب ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (195) حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک صاحب مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(چیئرمین شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰه** عَزَّوَجَلَّ دورِحاضِر میں الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت کسی تَعارُف کی محتاج نہیں۔آج عالمیت کا چرچا عام ہے۔ پوری دنیا سمٹ کر ایک قریہ کی حیثیت حاصل کرچکی ہے۔ وہ حقائق جو کل تک ماوراء الطبیعہ کہلاتے تھے آج کافی حد تک قابلِ فہم ہوچکے ہیں۔ چند سالوں سے عقلِ انسانی کی تکمیل میں اِنتہائی تیزی آچکی ہے۔ {اِلٰی رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ﴿۴۴﴾ (پ ۳۰ النّٰزِعٰت ۴۴) **ترجَمۂ کنزالایمان** : تمہارے ربّ ہی تک اس کی اِنتہا ہے } کا منظر نُمایاں ہوچکا ہے۔ مذاہبِ عالم اور دُنیا کی

مختلف تہذیبوں کے درمیان مُکالمہ کا دورشروع ہو چکا ہے۔ اِسلام کی حقّانیت **مذاہبِ** عالم کے لیے کَشِش کا باعِث ہے۔ سائنس بھی قرآنی حقائق کوتسلیم کرتی نظر آتی ہے۔کائنات کی مسلسل توسیع { وَ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ (پ۲۷ الذریات ۴۷) **ترجَمۂ کنزالایمان**: اور بے شک ہم وسعت دینے والے ہیں } اور تمام اَجرام فلکی کی حرکت { كُلٌّ يَّجْرِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى (پ۲۱ لقمان ۲۹) **ترجَمۂ کنزالایمان**: ہر ایک ایک مقرر میعاد تک چلتا ہے } وغیرہ ایسے مسائل ہیں جنہیں آج سائنسدان تسلیم کرچکے ہیں اور DNA کی ہر تحقیق کے بعد ایک عظیم قوت تخلیق کی کارفرمائی کا اعتراف بھی کر چکے ہیں۔آج تیز رفتار دنیا کے ساتھ چلنے کے لیے ضروری ہے کہ اُمّتِ مسلمہ اپنے دعوتی وتبلیغی پروگرام کوازسرِنو مذاہبِ عالم کے سامنے پیش کرے۔ مجھے **مَدَنی چینل** دیکھ کرازحد خوشی ومُسرت ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** کے قائدین نے وقت کی ضرورت کوسمجھتے ہوئے میڈیا کے میدان میں قدم رکھا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس سَعی مشکور کو قبول فرمائے اور سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے ہمارے نیک اعمال کو قبول فرمائے۔اس کارِخیر پر تمام مَدَنی بھائیوں کو میری طرف سے مُبارکباد۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (196) حضرت مولانا صاحبزادہ محمد مقصود سعید عباسی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانیہ عالیہ دھار شریف کھول عباسیاں باغ آزاد کشمیر/ جامع مسجد الرحمٰن ٹاؤن کالج روڈ پنجاب سوسائٹی شپ مرکز الاولیاء لاہور)

**آج** کے اس پُر فِتَن و بدعقیدگی کے دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز یقیناً **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے حبیب رسُول **محمد مصطفےٰ** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا اِنعام و عطیّہ ہے۔ جس پر دربارِ عالیہ دھار شریف باغ آزاد کشمیر کی طرف سے اس چینل کے آغاز کرنے والے احباب اور عظیم روحانی و علمی قیادت ہواؤں کا رُخ بدلنے والے مولیٰنا **محمد الیاس** قادری مُدَّظِلُّہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے عمر خضری کی دُعا دیتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (197) حضرت مولانا رضائے مصطفٰی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ رسولیہ شیرازیہ، مرکز الاولیاء لاہور)

**فی زمانہ** میڈیا کے ذریعہ سے نوجوان نسل کے اَخلاق کو تباہ کرنے کی اِنتہائی مذموم کوششیں جاری ہیں۔ ایسے میں مثبت کوشش کی اِنتہائی ضرورت تھی۔ مغربی طوفانِ بدتمیزی کا مُنہ موڑنا خاصا مشکل ہے۔ ایسے میں شیطانی یلغار کو روکنے کا فریضہ دِین سے محبت اور دَرد رکھنے والے حضرات پر عائد ہوتا ہے۔ توقع ہے کہ **مَدَنی چینل** سے

دِین کی دعوت اور مسلکِ اہلسنّت و جماعت کی اِشاعت کا پیغام عوام تک پَہُنچے گا۔ **دعوتِ اسلامی** کی خوش بختی ہے کہ عالم باعمل عالمی مُبلِّغ اسلام بانیٔ **دعوتِ اسلامی** امیرِ اہلسنّت حضرت علّامہ مولٰینا **محمد الیاس عطّار** قادری دامت برکاتہم العالیہ کی زیرِ قیادت سُنّتوں کے فیضان کا یہ قافلہ اپنی منزل کی طرف رَواں دَواں ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (198) حضرت مولانا غلام شبیر سکندری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ رشیدیہ درگاہ شریف حضرت پیر صاحب بارگاہِ پیر جو گوٹھ، ضلع خیر پور میرس، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ سن کر بَہُت خوشی ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک ٹی وی چینل کھولا۔ اس عریانی اور فحاشی کے دور میں ایک ایسے چینل کی بَہُت شدِّت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو خالص اِسلامی معاشرہ متعارف کرا سکے۔ قوی اُمید ہے کہ **مَدَنی چینل** اس ضرورت کو پورا کرے گا اور اہلِ اسلام کو ایک مُصلِح چینل ملے گا۔ جس سے اپنے معاشرے کی اصلاح میں مدد ملے گی۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (199) حضرت مولانا بدر الزمان قادری صاحب مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(پرنسپل جامعہ ہجویریہ، داتا دربار، مرکز الاولیاء لاہور)

**موجودہ** دور پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے۔ عَصرِ حاضر میں مخلوقِ خُدا تک پیغام رَسانی کا نہایت مؤثر ذریعہ بھی یہی ہے۔ اِسلامی نظریات واَفکار پر اپنوں اور بیگانوں کی یلغار سے کون بے خبر ہے بالخصوص شانِ رسالت پر جو رکیک حملے ہو رہے ہیں اِس سے بھی ہر ذِی شعور مسلمان آگاہ ہے کہ کس طرح سادہ لوح اذہان کو گمراہی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ دِفاع کی زیادہ ضرورت بھی اِسی محاذ پر ہوتی ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰه عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** موجودہ چینلز کی یلغار کی روک تھام کے لیے مؤثر اور گرانقدر اضافہ ہے۔ اگرچہ یہ کام بَہُت پہلے ہو جانا چاہیے تھا تاہم ''دیر آید دُرُست آید'' کے مِصداق ہے۔ **مَدَنی چینل** نے بَہُت جلد عوام کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی ہے۔ یقیناً یہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جلد اپنے مطلوبہ اَہداف کو حاصل کر لے گا اور عوام النّاس کے سیرت وکردار میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ اس میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (200) حضرت مولانا سیِّد عاکِف قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد مکی نورانی، ٹاؤن شپ، ماڈل ٹاؤن، مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ ایک خوشی کی بات ہے کہ دعوتِ اسلامی کے زیرِ اِنتظام **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک چینل کا آغاز ہو چکا ہے۔ آج کے اس ایڈوانس دور میں الیکٹرانک میڈیا کا چرچا ہے اور یقیناً اس کے ذریعے آپ اپنی بات ایک ہی وقت میں پوری دُنیا میں بآسانی پہنچا سکتے ہیں۔ ایسے وقت میں **مَدَنی چینل** کا آنا بَہُت ہی خوشگوار اضافہ ہے۔ آج بذریعہ میڈیا (T.V) بَہُت سی شیطانی باتیں ہمارے گھروں میں گھس رہی ہیں۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب اس رحمانی چینل بنام **مَدَنی چینل** سے گھروں کو سنوارنے اور دین کا پیغام پہنچانے میں بَہُت مدد ملے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (201) حضرت مولانا محمد دِلدار حسین نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد ربّانی، مدرس دار العلوم غوثیہ رضویہ سعیدیہ، قلعہ چوک باب الاسلام حیدر آباد، پاکستان)

مَیں نے جب پہلی مرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھا تو نہایت ہی خوشی ہوئی

کہ اس چینل میں صرف اورصرف اِسلامی بھائی مرد حضرات کا عمل دخل ہے، کسی عورت کواس میں آنے کی اجازت نہیں اورزیادہ خوشی اس بات پر بھی ہوئی کہ **مَدَنی چینل** کوگھر میں سارے گھر والے ابّو، امّی، بہن، بھائی ایک ساتھ بیٹھ کر دیکھ سکتے ہیں۔کسی بھی قسم کی غیر شرعی بات نہیں ہے۔اِس طرح ہمارا معاشرہ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہتر ہوگا اور **مَدَنی چینل** توکسی قسم کے تعارف کا محتاج نہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (202) حضرت مولانا محمد اسد نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شیخ الحدیث جامعہ غوثیہ رضویہ سعدیہ، جامع مسجد مہاجرین پریٹ آباد، حیدرآباد باب الاسلام سندھ، پاکستان)

**بندۂ ناچیز** کوکبھی **مَدَنی چینل** جو **دعوتِ اسلامی** کے زیرِاہتمام و زیرنگرانی شروع کیا گیا ہے، دیکھنے کا اِتّفاق نہیں ہوا لیکن بعض ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اس ٹی وی چینل پر صرف اورصرف اِسلامی، مذہبی، تبلیغی اور اِصلاحی پروگرام بذریعہ مذہبی لوگوں اور خُصُوصاً مردوں کے ذریعے نشر کئے جاتے ہیں اور ان میں غیراخلاقی اور غیراسلامی کوئی بات نہیں ہوتی تو یہ بَہُت اچھی بات ہے، اگراسی طرح سے سلسلہ قائم رہا اور اِس میں عورتوں کا کوئی دخل نہ ہوا تو یہ ضرور اچھی بات ہے، مذہبی

اور اصلاحی کاموں کے لیے جائز ذرائع جو بھی استعمال کئے جائیں صحیح اور قابلِ تعریف ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم تمام مسلمانوں کو دینِ متین کی تبلیغ اور لوگوں کی ہر ممکن اِصلاح کی توفیق عنایت فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (203) حضرت مولانا سردار احمد حسن سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابق رکن شعبہ تحقیق رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاہور، حال مدرس جامعہ رضویہ ضیاء القرآن، راولپنڈی، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوا ہے مجھے اس چینل کو دیکھنے کا موقع ملا ہے، مَیں سمجھتا ہوں کہ فحاشی و عریانی کے اس دور میں **مَدَنی چینل** ایک نئی اُمید بن کر سامنے آیا ہے۔ مسلم نوجوان اس چینل میں تلاوتِ قرآنِ مجید، نعتِ رسُول صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، اِصلاحی تقریریں اور وعظ سُن کر عملِ صالح کی طرف آرہے ہیں اور بہُت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب پوری دُنیا میں اہلسنّت و جماعت کے عقائدِ حقّہ اور اِسلام کی صحیح ترین تصویر لوگوں کے سامنے آنا شُروع ہوجائے گی اور انہیں معلوم ہوجائے گا کہ اِسلام امن و سلامتی اور محبت کا دِین ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (204) حضرت مولانا محمد اِسحاق چشتی گولڑوی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سرپرستِ اعلیٰ جماعت اہلسنّت بٹار پور، خطیب اعظم بہاولپور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

**موجودہ** دور میں اہلِ اسلام تک مؤثر انداز اور مؤثر ذریعے سے اسلام کا پیغام پہُنچانے کی اَشد ضرورت تھی اور اس دور میں تحریک **دعوت اسلامی** نے اس ضرورت کو پورا کر دیا اور **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے اصلاح معاشرے کا بیڑا اُٹھایا ہے۔ خدا کرے **مَدَنی چینل** کے ذریعے عوام النّاس کے سینے عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے **مدینے** بن جائیں اور **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُگنی رات چوگنی کامیابی نصیب ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (205) حضرت مولانا مفتی محمد طاہر خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ انوار مدینہ، گاؤں پوٹھہ، تحصیل وضلع مَدَنی صحراء (مانسہرہ) صوبہ سرحد، پاکستان)

**قرآن کریم** میں اپنی اِستطاعت کے مطابق دِین اسلام کا دِفاع کرنے کا حکم دیا گیا ہے: {وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ (پ ۱۰ الانفال ۶۰) **ترجَمۂ کنزالایمان** : اور ان کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے }

دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** اسی حکم کے تعمیل کی ایک صورت ہے یقیناً جب تک اِینٹ کا جواب پتھر سے نہیں دیا جائے گا اُس وقت تک اسلام کا دِفاع اوراس کی ترویج واِشاعت ناممکن ہے۔

فَخر ہے مجھے اِن جوانوں پر

جو سِتاروں پہ ڈالتے ہیں کَمَندْ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (206) حضرت مولانا محمد یونس مَدَنی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، جامعہ اِسلامیہ، مدرس شعبہ درسِ نِظامی H-4 واپڈا ٹاؤن، مرکز الاولیاء لاہور)

**موجودہ** دور میں جہاں دشمنانِ اسلام وخُصُوصاً دشمنانِ آقا علیہ الصَّلوٰۃ والسَّلام بارگاہِ رِسالت مَآب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی عظمت وشان کو کم کرنے میں سرگرم عمل ہیں۔روپے پیسے کی یلغار پر عظمتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو غلامانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے سینوں سے نکالنے کی سَر توڑ ناپاک جسارت کررہے ہیں۔لٰہذا اس موجودہ دور میں پوری دُنیا میں مقامِ مُصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے تحَفُّظ کا فریضہ سَر انجام دینا یہ ایمان کا تقاضا ہے اور مسلمان ہونے کی نشانی ہے۔

مَیں سمجھتا ہوں کہ موجودہ دور **مَدَنی چینل** جو کہ بانیٔ دعوتِ اسلامی امیر اہلسنّت پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، علم ومعرفت کے نیّرِ تابان، عالِمِ باعمل حضرت علامہ **محمد الیاس عطارؔ قادری** دامت برکاتہم العالیہ کی زیرِ سیادت وزیرِ قیادت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی نعمتِ عظمٰی ہے کہ جس کے ذریعے آقا علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے عشق کے دریا بہائے جارہے ہیں اور باغِ عالَم جس کی پُرکیف خوشبو سے مُعَطَّر ہورہا ہے **مَدَنی چینل** موجودہ دور میں نبیٔ پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا چوکیدار ہونے کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیر دعوتِ اسلامی کو عُمرِ خضر اور **مَدَنی چینل** کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ اٰمین

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (207) حضرت مولانا محمد شہزاد قادری ترابی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ایڈیٹر ماہنامہ ''تحفظ'' مکتبہ فیضان اشرف نزد شہید مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی)

**صلوٰۃ وسُنَّت** کی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** ہر شعبے میں دِین کی خدمت انجام دے رہی ہے۔ سالہا سال کی پلاننگ کے بعد امیر دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولٰینا **محمد الیاس عطارؔ** قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی ویڈیو سی ڈیز کا اجراء کیا گیا جو کہ عوام

اہلسنّت میں بَہُت مقبول ہوئیں اور لاتعداد لوگوں نے اسے خرید کر پوری دُنیا میں پہنچایا۔ ویڈیو سی ڈیز کی کامیابی کے بعد **دعوت اسلامی** کی مجلس شوریٰ نے جدید دور کی ضروریات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے محققین کی تحقیق کے بعد **مَدَنی چینل** کا ماہ ستمبر 2008ء میں آغاز کیا، جس کے بعد **دعوتِ اسلامی** کا کام دُنیا میں کھل کر سامنے آ گیا۔ رَفتہ رَفتہ **مَدَنی چینل** ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ چینل بہتر سے بہتر ہوتا جائے گا اور کافی تبدیلیوں کے اِمکانات ہیں۔ **مَدَنی چینل** وہ واحد مذہبی چینل ہے جو نہ تو میوزک پیش کرتا ہے اور نہ ہی لڑکیوں کی تصاویر نشر کرتا ہے۔ صرف اور صرف اِصلاحی پیغامات کو عام کرنا اپنی اور پوری اُمت کے لوگوں کی اِصلاح کرنا اس چینل کا اوّلین مقصد ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (208) حضرت مولانا مفتی محمد زمان ایازی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد، مدرس جامعہ فاروقیہ رضویہ، علامہ اقبال ٹاؤن E-2 واپڈا ٹاؤن، مرکز الاولیاء لاہور)

**اِس پُرفِتَن دور میں جب ہر طرف بے حیائی وعریانی اور فحاشی کا جال میڈیا**

کے ذریعے پھیلایا جارہا ہے۔اس میں غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی جانب سے **مَدَنی چینل** کی نشریات اُمتِ مسلمہ پر بہُت بڑا احسان ہے کہ اسلامی **مَدَنی چینل** کے ذریعے لوگوں کو دینِ اسلام کی طرف راغِب کیا جارہا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اسے قائم ودائم رکھے۔اٰمین

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (209) حضرت مولانا مفتی ممتاز الحسن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مسجد بلال بستی مہاراں، مظفرگڑھ، پاکستان)

**اس** بات میں کوئی شُبہ نہیں ہے کہ **دعوتِ اِسلامی** قرآن وسُنَّت کی ایک عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے جس کے حسین ترین مقاصد ہیں۔جُملہ مقاصد میں سے ایک اہم مقصد اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر ہےیعنی نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔اسی مقصد کے مرہونِ مِنّت **دعوتِ اسلامی** کئی گمراہ لوگوں کو راہِ راست پر لائی ہے۔بے شُمار بے نماز، نماز کے عادی بن چکے ہیں اور لاکھوں چہروں پر ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفٰے صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسَلَّم کی پیاری سُنَّت نظر آرہی ہے۔ہم **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور اس کے حبیب صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسَلَّم کے وسیلہ سے دُعا گو ہیں

کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت مولانا **محمد الیاس عطّارؔ قادری** مدظلہ العالی کی عمر میں برکتیں عطا فرمائے اور ہم سب کو اُن کا مُطیع بن کر دِین اسلام کی سربلندی کے لئے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (210) حضرت مولانا محمد حنیف قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ فتحیہ ماڑی انڈس، ضلع میانوالی، پاکستان)

**بانیٔ دعوتِ اسلامی** امیر اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولٰینا ابو بلال **محمد الیاس عطّارؔ** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی مُبارک خدمتِ اقدس میں ہدایا تبریک۔

(۱) ٹیلی فون پر دِینی مسائل اور فتاویٰ کے جوابات دینے کا اِنتظام کرنے،

(۲) مسائلِ جدیدہ کے شرعی حل کے لیے عُلَماء کرام کا شرعی تحقیقی بورڈ قائم کرنے،

(۳) جدید نشری آلات اور میڈیا کے ذریعے **دعوتِ اسلامی** تبلیغِ دین، اِشاعتِ اِسلام اور مذہب حقّہ اہلسنّت اور خصوصاً مسلک مجدِّد دِین وملّت مجدِّد مأیۃ حاضرہ مولانا شاہ امام احمد رضا خان رضی اللہ تعالٰی عنہ کے فروغ کے لیے **مَدَنی چینل** کے اِجراء پر

مبارکباد۔جس طرح کیمیا مسِ خام کو کندن بنادیتا ہے بعینہٖ اِسی طرح للّٰہیت اور خُلُوص اعمال کو کمال کے اعلیٰ درجہ پر پہُنچا دیتا ہے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِشاعت اِسلام اور تبلیغِ دین کے لیے **مَدَنی چینل** اپنی بے پناہ افادیت اور بہُت ہی زیادہ مقبولیت کی وجہ سے بارگاہِ ربّ العزّت جَلَّ وعَلا اور اِس کے مَدَنی محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پاک بارگاہ میں قبولیت کا شرف حاصل کر کے جاری کرنے والے اور اس کے اجراء میں تعاون کرنے والوں کے لیے دِینی اور دُنیوی بیش بہا فوائد کا سبب بنے گا اور خُصُوصاً اُخروی نجات کا ذریعہ بنے گا۔**اللّٰہ** تبارَک و تعَالیٰ ان کے اس کارِ خیرِ کثیر میں مَدَنی محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ ووسیلہ سے بَرَکات عطا فرمائے اور دعوتِ اِسلامی کو دِن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !        صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ مُحمَّد

## (211) حضرت مولانا مرزا آصف محمود مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ڈیرہ نواب صاحب چھاؤنی، تحصیل احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

مِری مَشّاطگی کی کیا ضرورت ہے حُسنِ معنی کو
فطرت خود بخود کرتی ہے لالہ کی حِنا بندی

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دُنیائے اِسلام کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** کی تبلیغِ قرآن وسُنَّت کے سلسلے میں خدمات قابلِ تحسین ہیں اس تحریک نے ماضی میں ہر سطح پر قُرآنی تعلیمات کی تبلیغ اور سُنَّتِ نبوی علٰی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کی ترویج میں اہم کردار ادا کیا ہے اپنے تبلیغی مِشن کو جاری رکھتے ہوئے کُتب و رِسائل کے ساتھ ساتھ **مَدَنی قافلوں** کی صُورت میں عملی طور پر بھی تمام اِنسانوں کے قلوب واَذہان کو دینِ اِسلام کی صحیح سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

**آج** کے الیکٹرونک میڈیا کے دور میں جہاں ہم دیکھتے ہیں کہ عُریانی وفحاشی کا ایک طوفانِ بدتمیزی برپا ہے جو ہماری نئی نسل کی اخلاقی تباہی کا باعث بن رہا ہے۔ ایسے میں **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** کا قیام ایک عُمدہ قدم ہے، تاکہ اِسلام کا پیغام دُنیا کے گوشے گوشے میں پہُنچایا جاسکے اور نئی نسل کو اس بے راہ روی سے بچایا جاسکے اور اس سلسلے میں **مَدَنی چینل** کا کردار قابلِ تحسین ہے۔ مَیں مَدَنی ٹیلی ویژن کی ساری ٹیم، اس میں کام کرنے والے تمام علماء ومشائخ، تکنیکی ماہرین وبالخصوص اَمیرِ اہلسنّت حُضُور قِبلہ عالم جناب **محمد الیاس عطّار قادری** رضوی دامت برکاتہم العالیہ کا دِل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں جن کی شبانہ روز کوششوں کے

طُفَیل یہ ممکن ہوا کہ آج مَیں اپنی فیملی کے ساتھ مِل بیٹھ کر ایک ایسے چینل کو دیکھ سکتا ہوں جو میری فیملی کی دِینی، دُنیوی اور اَخلاقی تربیت میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے کیونکہ اس میں پیش کئے جانے والے پروگرام بَہُت عُمدہ، معیاری اور معلوماتی ہیں جو تعلیم و تربیت اور تبلیغِ دین کے حوالے سے بَہُت مؤثر ہیں جن سے یقیناً ایک مَدَنی سوچ پیدا ہونے میں مدد ملے گی اور ایک حقیقی اسلامی معاشرے کا وُجود عمل میں آئے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (212) حضرت مولانا محمد عثمان خان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مُدرس شعبہ درس نظامی سُنی حنفی دار العلوم رجسٹرڈ، عباس پور، جموں وکشمیر)

**اس** دور میں میڈیا کا کردار سب کے سامنے ہے۔ یِہی ایک ذریعہ ہے جس کی بدولت فردِ واحد اپنے عقائد کا اِظہار ساری دُنیا کے سامنے رکھ سکتا ہے۔ بدقسمتی سے ہم اس اہم ذریعے کو استعمال کر کے اپنے عقائد جن کے حق ہونے میں بال برابر بھی شک نہیں عوام بلکہ ساری دُنیا تک نہ پہنچا سکے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب **مَدَنی چینل** نے وہ تمام کمی پوری کردی ہے اور جو خُصُوصیت **مَدَنی چینل** کو حاصل ہے وہ کسی کے حصّے میں نہیں آئی۔ مَیں دُعا کرتا ہوں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے

محبوب صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے اس چینل کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقّی عطا فرمائے اور بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری صاحب کی عمر میں بَرَکت عطا فرمائے جن کو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے دِین کی خدمت کے لیے چُن لیا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (213) حضرت مولانا نواز کوکبؔ صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد، جی۔۳ واپڈا ٹاؤن، مرکز الاولیاء لاہور)

اس گئے گزرے دور میں **مَدَنی چینل** شروع کر کے قوم کی رہنمائی فرمائی ہے۔اس سال دعوتِ اسلامی کا بین الاقوامی پروگرام (اِجتماع) لوگوں نے بڑی محبت سے دیکھا اور سُنا کافی گمراہوں کو سیدھا راستہ نصیب ہوا۔ میرا ایک دردمندانہ اِلتماس ہے جس طرح یہ بڑا اہم کارنامہ دعوتِ اسلامی نے سرانجام دیا اس طرح معلوماتی پروگرام فقہی مسائل پر بھی اَحسن طریقے سے روشنی ڈالی جائے تو مزید نوجوان نسل کو ایک بہترین راستہ مل جائے گا اور لوگوں کے عقائد مزید دُرُست ہو جائیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (214) حضرت مولانا محمد اختر القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد الرزاق، مدرس رُکن الاسلام، رحمان ٹاؤن، باب الاسلام حیدر آباد، پاکستان)

جب مَیں نے پہلی مرتبہ **مَدَنی چینل** دیکھا بڑا متاثر ہوا اور خوشی ہوئی۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت صاحب کے اِس مِشن کو قبول فرما کر مرتبۂ عروجیت عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (215) جگر گوشہ خلیفہ مفتی اعظم ہند صاحبزادہ محمد عتیق الرحمٰن فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ نقشبندیہ فیض آباد شریف مَدَنی صحراء (مانسہرہ)، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ یہ سُن کر دیکھ کر خوشی کی اِنتہا نہ رہی کہ مسلکِ اہلسنّت کی اِشاعت وترویج کے لیے بانیٔ دعوت اسلامی، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب نے جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا، جس کے ذریعے پیغامِ اہلسنّت بآسانی عوام وخواصِ اہلسنّت تک پہنچ سکتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (216) حضرت مولانا قاری سجاد احمد فیضی عظیمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ فیضیہ رضویہ فیض الاسلام دربار فیضیہ چشتیہ، محلّہ قریش آباد، احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

**مَدَنی چینل** نے مسلمانوں کو قرآن وسُنَّت کی طرف مائل کر دیا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (217) حضرت صاحبزادہ مولانا بشیر احمد جمالوی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مقبول آباد، بھاڑ پور، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

**آ**ج پوری دُنیا میں فَحاشی وعُریانی کی تحریک زوروں پر ہے، نوجوان نسل کو تباہ کرنے کے لیے نِت نئے انداز میں لادینی تحریکیں سرگرمِ عمل ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ نیکی اور بدی، خیر اور شر یہ روزِ اَزَل سے مِل کر روزِ اَبد تک برسَرِ پیکار رہیں گے اور روزِ اَزَل سے لے کر آج تک نیکی کی قوت اور بُرائی کی قوت باہم دست وگریبان ہے۔ لیکن آخر کار فتح اور غلبۂ حق کو ہی نصیب ہوتا ہے۔ اس دور میں اگرچہ لادین اَفراد ہر محاذ پر اسلام اور پیغمبر اسلام صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے خلاف ہَرزہ سرائی میں مشغول ہیں۔ ان کے مقابلے کے لئے عُلَماء ومَشائخ میدانِ عمل میں ہیں اور ان کی خدمات قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہیں اور خاص کر **دعوتِ اسلامی** کی تحریک نے جو

اُمت کے دِلوں میں اِسلام کی شَمع فَرُوزاں کی ہے یہ اِنہی کا خاصہ ہے اور اب تو **مَدَنی چینل** کے ذَریعے مزید اُمت کو دِین کے قریب لانے میں مدد ملے گی، اور فَحاشی وعُریانی کا کافی حد تک سَدِّ باب ہوجائے گا۔ خداوند تعالیٰ اِس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (218) شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ غوثیہ معینیہ بیرون یکہ توت، پشاور، سرحد، پاکستان)

**اِسلام وسیع الجہات مذہب ہے**، زندگی کے ہر شعبہ میں اپنے عوام کی تعلیم اور تربیت کے حوالے سے تاریخ کے ہر دور میں اِس نے تبلیغ کی اہمیت بتائی ہے اور تبلیغِ اسلام کا یہ فریضہ درحقیقت صلحاءِ اُمت کی قیادت میں مسلم اسٹیٹ (ریاست) کی سرپرستی میں انجام پذیر ہونا چاہیے جیسا عہدِ نُبُوَّت میں اور اُس کے بعد خُلفاءِ راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے دور میں ہوتا رہا ہے۔ گردشِ ایّام کے نتیجہ میں خلافت راشدہ کے بعد سے لے کر اب تک (سوائے چند اَدوار کے) اِسلامی حکومت علٰی منہاج النُّبوۃ کا وُجُود نہ ہونے کی وجہ سے اُمتِ مسلمہ اضطراری حالت میں ہے جس کے نتیجہ میں طوائف

المذہبی کا دوردورہ ہے۔ معروضی حالات کی اس تاریکی میں اگر کچھ صُلحاءِ اُمت دعوت و تبلیغ کے لیے کمر بستہ نہ ہوجائیں تو پھر اِسلام کے بچے کُھچے شعائر بھی ختم ہوجانے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ جس سے اُمت کو بچانے کے لیے ربّ کریم عَزَّوَجَلَّ نے تاریخ کے ہر دور میں کچھ صُلحاءِ اُمت کو اس منصب کے لیے منتخب فرمایا ہے۔ جِن کی تبلیغی کاوشوں کے نتیجے میں **شَعَائِرُ الله، حُدُوْدُ اللّٰه** اور شرعی اَحکام کا تعارُف و پہچان ممکن ہورہی ہے، میری فہم کے مطابق مولانا **محمد الیاس عطّار** اور اُن کے رُفقاء کار بھی اِس بامقصد جماعت کے زمرہ میں شُمار ہوتے ہیں کہ اُن کی تبلیغی کاوشوں کے نتیجہ میں کتنے کج کلاہوں کو صراطِ مستقیم کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ کتنے بے اعتدالوں کو توفیق اعتدال میسّر ہوتی ہے۔ اور کتنے مغلوب النّفس غافلین کو خوابِ غفلت سے نکال کر شاہراہِ ہدایت پر لگایا جاتا ہے۔ مجھے یہ سُن کر از حد مسرت ہوئی کہ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا اِجراء کر کے وقت کی اہم ترین ضرورت کو پُورا کیا ہے۔ اہلِ دانش جانتے ہیں کہ موجودہ دور میڈیا کی آواز کا دور ہے جس نے تبلیغِ اسلام کو آسان کر دیا، جس کے نتیجہ میں ایک مُبلّغ ایک ملک کے، ایک شہر کے ایک کمرہ میں بیٹھ کر تبلیغ اِسلام کی آوازِ حق دُنیا بھر کے لوگوں تک پہُنچا سکتا ہے۔ ہر مُلک، ہر شہر اور ہر طبقۂ فکر

کے مسلمانوں کو مَدَنی مہک سے مُعَطّر کر سکتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ حضرت مولانا محمد الیاس عطّار نے تبلیغ اِسلام کے حوالہ سے مَدَنی عِطْر کی مہک سے پُوری دُنیا کو مُعَطّر کرنے کا سامان کر دیا ہے۔ مَیں اگر اس **مَدَنی چینل** کو مَدَنی مہک سے تعبیر کروں تو بے محل نہ ہوگا۔ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا مژدہ سُنا کر جُملہ عالم اسلام میں مُسَرَّتیں بانٹ دیں۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ، فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ خَیْرًا، ہم حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار** کو **مَدَنی چینل** کے اجراء پر مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ اُن کے تعمیری ذہن اور مثبت کردار کے پیشِ نظر اُن سے یہی توقع رکھتے ہیں کہ اس چینل سے نشر ہونے والی نشریات کو بھی عالمی تقاضوں کے مطابق بنائیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (219) حضرت مولانا مشتاق احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم چشتیہ رضویہ، پہاڑ پور، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے جو **مَدَنی چینل** جاری کیا ہے اس سے ہر خاص و عام سُنّی کو فائدہ ملے گا کیونکہ یہ پروگرام اسلامی ہوں گے اور خاص کر اہلسنّت و جماعت کے مسلک کی ترویج ہوگی، اہلسنّت و جماعت کا پیغام

پُوری دُنیا میں عام ہوگا اور عوامِ اہلسنّت کی اِصلاح ہوگی کیونکہ یہ ایک اِصلاحی پروگرام ہی نشر کرے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (220) حضرت مولانا غلام یٰسین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(محلّہ کمہارانی گدائی، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** سے عالَمِ اِسلام بلکہ پوری دنیا کو فائدہ ہوگا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (221) حضرت مولانا پروفیسر راؤ ارتضٰی حسین اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر شعبہ علوم اِسلامیہ، گورنمنٹ کالج ٹاؤن، شپ مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کے آن ایئر ہونے سے ناظرین کو ایک مکمل اسلامی ماحول دیکھنے کو ملا ہے۔ اِس سے اسلامی تشخُّص نمایاں ہوگا۔ اُمید ہے یہ چینل اپنے اس سُنَّتوں بھرے ماحول کو قائم رکھے گا۔ اس چینل سے خالصتاً مذہبی اسلامی ماحول میسر ہوا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو نظرِ بد سے محفوظ فرمائے اور دینِ حق کی

خدمت کرنے کے لئے مزید بہتری لانے کی توفیق عطا فرمائے۔ مَیں **مَدَنی چینل** کی اِنتظامیہ کو دِلی مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (222) حضرت مولانا مفتی محمد ضیاءُ اللّٰہ نُورانی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب وامام جامع مسجد دربارِ حضرت باباشاہ جمال، مدرس جامعہ شہابیہ، اچھرہ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** قدامت وَاجِبہ اور جدّت مُباحہ دونوں کا حَسین اِمتزاج ہے اِسی وجہ سے اِنْ شَاءَ اللّٰہ الْعَزِیْز یہ دُنیا میں دین اسلام کی ترویج واشاعت کا فریضہ باحسن انجام دے گا۔ **مَدَنی چینل** کا اَندازِ تبلیغ اِنتہائی پُر اَثر ہے اِس کی وجہ سے گھروں میں اسلامی ماحول بڑی تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (223) حضرت مولانا عمر فاروق احمد صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صوبائی ناظم تنظیم المدارس، چیف آرگنائز جماعت اہلسنّت، سرحد، پاکستان)

**مَدَنی چینل** دیکھ کر بہُت خوشی ہوئی۔ اِتنی خوشی کہ الفاظ بیان

کرنے سے اور قلم وقِرطاس محفوظ کرنے سے عاجز ہیں۔ یقیناً یہ چینل روح کوتقویت اور قلب کو سُکون دینے والا چینل ہے۔ آج کے اِس حیا باختہ دور میں مَدَنی آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عِشق ومحبت کوفروغ دینے والا اور سینوں کو مرکز عشق رِسالت صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم بنانے والا یہ چینل وقت کی بَہُت اہم ضرورت تھی۔ جس کو نبّاض العصر امیر اہلسنّت حضرت علامہ محمد الیاس قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے پورا فرمایا، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کو جاری وساری رکھے۔ اٰمین بجاہ النبی الکریم الامین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (224) حضرت مولانا مشتاق احمد صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم چشتیہ رضویہ، پہاڑ پور، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** جاری کیا ہے اس سے ہر خاص وعام سُنّی کو فائدہ ملے گا کیونکہ یہ پروگرام اسلامی ہوں گے اور خاص کر اہلسنّت وجماعت کی ترویج ہوگی اور اہلسنّت وجماعت کا پیغام پُوری دُنیا میں عام ہوگا اور عوامِ اہلِ سُنّت کی اِصلاح ہوگی کیونکہ یہ ایک اصلاحی پروگرام نشر کرے گا۔ بندہ کو اُمید ہے کہ خواص وعوامِ اہلسنّت وجماعت اس پروگرام کو دوسرے

پروگراموں پر ترجیح دیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (225) حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر اسلم ظفر صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب اعظم غوثیہ جامع مسجد، سپلائی بازار، راولاکوٹ، پاکستان)

**اپنے تاثُرات کو مندرجہ شعر سے شروع کرتا ہوں کہ**

ہوا ہے گو تُند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ درویش جس کو حق نے دیئے ہیں اَنداز خسروانہ

**اَنداز خسروانہ** کے باوصف مدِّ مقابل کی آندھیاں اور تُند و تیز جھونکے رِفعتوں، شوکتوں، سطوتوں اور عظمتوں میں بحمداللہ معتدبہ اضافہ کا باعث بن رہے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کم عُمری کے باوُجُود تدریجاً حکیمانہ اَنداز میں جس حسین وَدِلنشین پیرائے میں اِنفرادی اور اِجتماعی زِندگیوں میں مَدَنی پھولوں کی مہک اور پیاری پیاری سُنّتوں کی دائمی، اَبدی اور سَرمدی فضیلتوں کے چراغ روشن کرتی چلی آ رہی ہے یہ واقعی اسی کا حصّہ ہے۔ جہاں یہ ساری سعی، کوشش اور کاوِش اپنے بھرپور فوائد وثَمرات سے اُمتِ مسلمہ کو مُستَفِید کرنے میں مُمِدّ ومعاوِن ثابت ہو رہی ہے۔ وہاں **مَدَنی**

**چینل** نے مہمیز کا کام کیا ہے۔ دُعا ہے کہ علاّ مہ **محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتہم العالیہ القدسیہ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے اور **دعوتِ اسلامی** کے ہر جوان بشمول اراکین مرکزی مجلس شوریٰ کو پیہم نوازشوں سے سرفراز فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (226) حضرت مولانا محمد حبیب المالک لقمانوی مُدَّظِلُّہُ العالِی

(جامعہ حنفیہ رضویہ فیض المالک مرکز اہلسنّت جامع مسجد نُور، محلّہ مفتی آباد، مَدَنی صحراء (مانسہرہ) پاکستان)

**دورِ حاضر** میں بڑھتی ہوئی فحاشی وعُریانی کو ختم کرنے اور اسلام کی حقانیت کو پہچاننے کے لیے **مَدَنی چینل** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مشعل راہ ثابت ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (227) حضرت مولانا قاری خدا بخش چشتی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مدینہ، گلزار مدینہ چندر نگر مانانوالہ، ضلع ننکانہ، پنجاب، پاکستان)

**بِحَمْدِہٖ تَعالٰی** مَیں نے دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** دیکھا، از حد خوشی ہوئی جو کہ بیان سے باہر ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کی مرکزی مجلس شوریٰ کی اِس کوشش کو مزید تقویت پہنچانے کی نیت سے عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک اِنقلابی قدم ہے

جسے اُٹھانے کے لیے سوچنا بھی اور پھر اس کو کر گزرنا یقیناً جہاد کی ایک قسم ہے۔اس کے ذریعے سے معاشرے سے بُرائیاں ختم ہونے اور لوگوں کے نیک بننے کی اِطلاعات جس طرح موصول ہورہی ہیں۔ یہ کامیابی کا مُنہ بولتا ثبوت ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اس کے ذریعے گھر گھر سُنَّتوں کا پرچار ہو۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی اس کاوش کو قبول فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (228) حضرت مولانا مفتی محمد حُسین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم ومفتی سُنّی حنفی دارالعلوم عباس پور، پونچھ، جموں وکشمیر)

یہ جان کر خوشی ہوئی کہ عالمگیر تبلیغی تنظیم **دعوتِ اسلامی** نے امسال **مَدَنی چینل** ٹی وی پروگرام کا آغاز کیا ہے جو محض اشاعتِ اسلام اور تبلیغِ دین کی غرض سے شروع کیا گیا ہے، **دعوتِ اسلامی** کی مجلسِ شوریٰ کو راقم الحروف مبارکباد پیش کرتا ہے۔ ہر زمانہ میں عصری تقاضوں کے مطابق مسلم علماء وفقہاء نے یہ کام کیے ہیں، یہ وقت کا اہم ترین کام ہے جس سے لوگوں تک کلمۂ حق پہنچانے میں آسانی ہوگی اور مسلمانوں میں زبردست اِنقلاب پیدا ہوگا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اِس کارِ خیر میں بے شمار

بَرَکات پیدا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (229) حضرت مولانا عبدالعزیز خان فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد حضرت علی، لاری اڈہ تحصیل احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کی آمد مسلمانوں میں **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور حُضُور نبیِّ کریم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی حقیقی محبت اُجاگر کرنے کا ذریعہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (230) حضرت مولانا صاحبزادہ قاری محمد ارشاد علی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامعۃ البنات، پرنسپل مرکزی جامعۃ البنات، لاری اڈا، قصور، پاکستان)

**سب** سے پہلے آپ کو مدینۃ الاولیاء ملتان شریف میں **دعوتِ اسلامی** کا بین الاقوامی سُنّتوں بھرا اجتماع بخیر و عافیت منعقد ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ یہ اجتماع **میدانِ عرفات** کے بعد مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع ہے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ حُضُور اکرم صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ جلیلہ سے **دعوتِ اسلامی** کو مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

دوسری مبارکباد میں آپ کو اس طرح پیش کرتا ہوں کہ آپ نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے عالَمِ اسلام پر ایک بہُت بڑا احسان فرمایا ہے۔ جس کا اَجر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کو اپنی طرف سے ضرور عطا فرمائے گا۔ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے گھر گھر میں جو عُریانی، فحاشی، ناچ گانا جیسے چینل چلتے تھے وہ اِنْ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ضرور ضرور ضرور بند ہوں گے بلکہ مَیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے فضل وکرم سے یہ بات کہتا ہوں کہ اس **مَدَنی چینل** کی برکت سے 50% بند ہوگئے ہیں۔ آخر میں میری دِلی دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے اَمیر اور آپ جیسے محبت والے لوگوں کا سایہ ہم سب اہلسنّت پر تادِیر قائم رکھے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (231) حضرت مولانا محمد گلزار حسین بھٹہ مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سیکنڈری اسکول جتوئی، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** ایک معاشرتی اِصلاح کا چینل ہے۔ میرے اہلِ خانہ و بچے اس کی نشریات سے مُستَفِیض ہو رہے ہیں۔ اِس سے کافی ہماری بود و باش

اور رہن سہن میں تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو مزید رنگ عطا فرمائے، دِن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا گو ہیں کہ **مَدَنی چینل** کی نشریات تا قیامت دِکھائی جاتی رہیں اور مُلک کا کوئی کونہ اس سے محروم نہ رہے۔ مَیں اس کے عملے (مجلس) کو مبارک باد دیتا ہوں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ان کی توقعات میں مزید اضافہ کرے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (232) حضرت مولانا محمد شریف قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامع مسجد محمدیہ حنفیہ بابا شاہ بسطامی روڈ، سمن آباد، مرکز الاولیاء لاہور)

**بعد** حمد وصلوٰۃ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے ہمیں اپنے پیارے محبوب اِمام الانبیاء رحمۃٌ لِّلعٰلمین حضرت محمد مصطفٰی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اُمت میں پیدا فرما کر اپنے دِین اسلام کا داعی بنایا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَاۤ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾ (پ ۲۴ حٰمٓ سجدہ ۳۳)

**ترجَمۂ کنزالایمان** : اور اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو **اللہ** کی طرف بلائے اور نیکی

کرے اور کہے مَیں مسلمان ہوں }، ارشادِ نبوی بَلِّغُوْا عَنِّی وَلَوْ اٰیَۃً (کَنزُالعُمّال ج ۱۰ ص ۹۷ حدیث ۲۹۱۶۱ دار الکتب العلمیۃ بیروت) یعنی میری طرف سے پُہنچا دو اگرچہ ایک ہی آیت ہو۔ **مذکورہ** بالا آیت مُبارَکہ اور حدیث مبارکہ سے **معلوم** ہوا کہ ہر مسلمان کو چاہیے کہ اپنی طاقت کے مطابق اِنفرادی یا اِجتماعی طور پر دینِ اسلام کی تبلیغ کرتا رہے۔ تبلیغ اسلام کے ہر دور میں اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔ جس طرح پہلے زمانہ میں گھوڑوں، تیروں، تلواروں کے ذریعے جنگ ہوتی اور آج کل بندوق، ٹینک، ہوائی جہاز اور راکٹ کے ذریعے ہوتی ہے۔ اسی طرح پہلے دور میں اسلام کی تبلیغ تحریری اور زبانی طور پر ہوتی تھی اور آج جدید ٹیکنالوجی کے ذریعہ ہو رہی ہے۔ **T.V** کے مختلف چینلوں کے ذریعہ جس طرح مغربی میڈیا عُریانی، فَحاشی اور بے حیائی پھیلا رہا ہے۔ دِین کا دَرد رکھنے والوں کو چاہیے کہ وہ ٹی وی کے ذریعہ قرآن و حدیث کی دعوت کو عام کریں۔ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ **دعوتِ اسلامی** نے جس طرح پوری دنیا میں اجتماعات اور دِینی مدارس کے ذریعے دعوت و تبلیغ کا سلسلہ جاری کر رکھا ہے، اِسی طرح ایک ٹی وی پر **مَدَنی چینل** بھی جاری کیا ہے۔ **مَدَنی چینل** ایک خالص دِینی اور مَذہبی چینل ہے جس کے تمام پروگرام قرآن و حدیث کے مطابق

ہوتے ہیں۔ **فیضانِ قرآن** اور **فیضانِ حدیث** کے نام سے جو پروگرام (سلسلے) چل رہے ہیں بَہُت ہی مُفید ہیں۔ جس میں قرآن وحدیث کی روشنی میں عوام کی اصلاح کی جاتی ہے اور روزمرّہ کے مسائل کا حل بتایا جاتا ہے اور آج کل چونکہ ایّامِ حج ہیں اِس مناسبت سے اس چینل پر **رفیق الحرمین** کی روشنی میں حج کے مسائل اور اس کا طریقہ اور **زِیارتِ حرمین شریفین** کا طریقہ بتایا جارہا ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ خود امیر اہلسنّت، قاطع بدعت، حامیٔ سُنَّت حضرت علامہ مولانا الحاج **محمد الیاس قادری** رضوی ضیائی مُدَّظِلُّہُ العالِی اس چینل پر تشریف لاکر عقائدِ اسلام، ارکانِ اسلام پر درس دیتے ہیں۔ بَہَر حال یہ **مَدَنی چینل** پوری دُنیا کے مسلمانوں کے لیے ایک بَہُت بڑی نعمت ہے اور تبلیغ اسلام کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (233) حضرت مولانا محمد اقبال چشتی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جماعت اہلِ سنت پاکستان پنجاب، 435-D سبزہ زار سکیم بکرامنڈی، مرکز الاولیاء لاہور)

**دعوتِ اسلامی** اہلسنّت کی عظیم الشّان اصلاحی تحریک ہے۔ جس کے بانی حضرت **مولانا محمد اِلیاس قادری صاحب** دامت برکاتہم العالیہ ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

عَزَّوَجَلَّ آپ کے زیرِ سایہ دِینی کام کو اَحسن انداز میں آگے بڑھا رہی ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کے وہ تمام اراکین مُبارَکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے صُبح وشام ایک کر کے پُرخلوص اَنداز میں **دعوتِ اسلامی** کے کام کو عبادت سمجھ کر کیا ہے۔ موجودہ دور الیکٹرونک میڈیا اور پرنٹ میڈیا کا دور ہے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، مجھے اُمید ہے اس چینل کی وجہ سے بدعقیدگی اور بدعملی کے سیلاب کو روکنے میں مدد ملے گی اور وہ چینل جو بےحَیائی وفَحاشی پھیلاتے ہیں ان کے مقابلے میں یہ چینل اپنے ناظِرین کی نبیِّ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شریعت کے انوار سے آنکھیں ٹھنڈی کرنے کا کام کرے گا۔ اس چینل کے آغاز پر مَیں خُلوصِ دِل سے **اَمیر دعوتِ اسلامی** اور اُن کے تمام رُفقاء کو مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (234) حضرت مولانا محمد حسین اسدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مرکزی جماعت اہلسنّت، تحصیل کوٹ ادّو، ضلع مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** اہلسنّت کی واحد تنظیم ہے جو عالمِ اسلام میں عموماً اور پاکستان میں خُصُوصاً اِحیاءِ سُنَّت کے لئے شب وروز کوشش کر رہی ہے۔ **مَدَنی**

**چینل** بھی اِحیاءِ سُنَّت کا بہُت بڑا ذریعہ ہے اوراہلسنّت کا پیغام رَساں بھی۔ میری دِلی دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلہ سے دعوتِ اسلامی کو بشُمول **مَدَنی چینل** دِن دُگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !          صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (235) حضرت مولانا محمد حسین سُلطانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ سُلطانیہ تجوید القرآن رجسٹرڈ، نزد مسلم ہوٹل، تحصیل جامپور، ضلع راجن پور، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ للّٰه** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی عظیم الشّان عالمی تبلیغ کے بارے میں گفتگو ہوئی، اس سے پہلے سینکڑوں، دوستوں اوراسلامی بھائیوں سے ملاقات ہو چکی ہے۔ جب سے یہ تنظیم میدانِ عمل میں آئی محبت رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے چراغ جلے، سُنتوں کی ہوائیں چلیں، محبت رسُول اورعِشق رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بہار آئی، لاکھوں نوجوانوں کے چہروں پر سُنّتیں سَج گئیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اِس تنظیم کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، قِبلہ امیر اہلسنّت امیر **دعوتِ اسلامی** علامہ **مولانا محمد الیاس قادری** جو کہ میرے پیر بھائی بھی ہیں۔ **اَلْحَمْدُ للّٰه** عَزَّوَجَلَّ میں بھی

قادری ہوں، اُن کی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ خضری عمر کرے، اُن کا سایہ اہلسنّت پہ قائم رکھے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (236) حضرت مولانا قاری اللہ بخش چشتی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مکان نمبر 845 ٹاور اسٹریٹ بلاک 18 زید آباد، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** نے تمام اہلسنّت اور عُلماء اہلسنّت کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ اور ایک مرتبہ پھر جذبات بھڑکا دیئے ہیں، اب اہلسنّت صرف دین کا خادم بننے کی کوشش کریں گے۔ **دعوتِ اسلامی** کے تمام شعبے قابلِ تعریف ہیں۔ خُصُوصاً **مَدَنی چینل** کھول کر تمام اسلامی بھائیوں کے دِل مُوہ لیے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (237) حضرت مولانا محمد فضل کریم چشتی ظہوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(18 بلاک فرید آباد کالونی، محلّہ فیض آباد شریف ایریا دربار عالیہ پیر غلام محمد، فیصل آباد، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لله** عَزَّوَجَلَّ ہمیں **مَدَنی چینل** کے بارے میں سُن کر بڑی خُوشی ہوئی، ہماری دُعا ہے کہ جِس شخصیت نے یہ کام شُروع کیا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کو اَحسن جزا عطا فرمائے اور ہمیں بھی ہر قسم کا تعاون کرنا چاہیے۔ **مَدَنی**

**چینل** کے ذریعے انقلاب آرہا ہے، غیر مسلم بھی مسلمان ہوں گے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ہر مسلمان کو اچھے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (238) حضرت مولانا مشتاق احمد نُوری صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم جامعہ شہابیہ، چیئرمین تحریک فروغِ اسلام، صدر تنظیم عالمی اہلسنّت، اچھرہ، پاکستان)

**پیارے** محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اپنی اُمّت کو آخری وصیّت فرمائی کہ مَیں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، کتاب اللہ اور اپنی سُنَّت، انہیں مضبوطی سے پکڑے رکھو گے تو گمراہ نہیں ہو گے۔ ہم نے اس مکمل ضابطۂ حیات، عالمگیری دستور العمل اور انسانیت نواز مکمل نظام حیات سے مُنہ پھیر لیا، عقائد و اعمال بگڑ گئے۔ دُنیا میں ہر طرف فِسق و فجور، ظلم و جور، عیاشی و بدکاری، بے پردگی و عُریانی، ہوس رانی و دغا بازی، رَقْص وسَرود، عیش و تفریح، اِنصاف کُشی و بد دیانتی اور رشوت کا بازار گرم ہے۔ اِیسا کیوں ہوا؟ دُنیا کیوں بگڑ گئی؟ سادہ سا جواب ہے، عصرِ حاضر اور گلوبل کی دنیا میں میڈیا پر اِلحاد اور بے دین لوگوں کا قبضہ ہے۔ ایسے میں **دعوتِ** اسلامی کا **مَدَنی چینل** ایک عظیم کاوش ہے، ذاتِ لم یَزَل اس کو مقبولیت

دارین کی کرامتوں سے سرفراز فرما کرنافعِ خلائق بنائے۔اٰمین

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (239) حضرت پیر ابوالفضل محمد خان قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ غوثیہ معینیہ رضویہ ریاض الاسلام، محمد نگر، فیض آباد شریف اٹک کینٹ، پنجاب، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی جانب سے **مَدَنی چینل** کا اِجراء بَہُت بڑا تبلیغی ذریعہ ہے۔عالمگیر تبلیغی سِلسلہ اس چینل کے ذریعہ جاری ہوگیا، مسلک حقِ اہلسنّت و جماعت کی کما حقّہ ترجمانی ہورہی ہے۔ دِیگر اخلاقیات کے لیے تباہ کُن بے شمار چینلوں کے مقابلہ میں یہ چینل بِحَمْدِ اللّٰہ تَعالٰی مکمل ''اِصلاح کُن'' ہے۔اہلِ اِسلام سے پُر دَرد اپیل ہے کہ جتنا ممکن ہو **مَدَنی چینل** سے اِستِفادہ کی کوشش کریں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (240) حضرت مولانا عبدالمالک صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ اکبریہ انجمن اکبریہ، بلوخیل روڈ، میانوالی، پاکستان)

دعوتِ اسلامی کی طرف سے T.V **مَدَنی چینل** کا اِجرا صرف

خوش آئند ہی نہیں بلکہ وقت کی ضرورت بھی ہے۔ باطِل قوتیں اپنے غلط نظریات، مواصلات کے جدید ذرائع استعمال کرتے ہوئے گھر گھر پہنچا رہی ہیں ان کا مقابلہ اسی رنگ میں ہی کیا جاسکتا ہے۔ عُلَماء سلف نے اسی اُصول کی بُنیاد پر علوم باطِلہ کو رد کرنے کے لئے سیکھنے کی اجازت دی ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کاوِش کو اسلام کی سربلندی اور جناب سرورِ کائنات صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کا ذریعہ بنائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (241) حضرت مولانا سید اشفاق احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ غوثیہ ودربار عالیہ چشتیہ رکن آباد کالونی، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لله** عَزَّوَجَلَّ جب سے **مَدَنی چینل** شروع ہوا ہے، سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا صدقہ لاکھوں مسلمانوں میں عشقِ رسُول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی تڑپ پیدا ہوگئی ہے۔ ہماری دُعا ہے **اللّٰہ** پاک اسے مزید ترقی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

مُجھے مَدَنی چینل سے پیار ہے۔



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ



اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شخصیات کے تأثرات کے اِقتباسات

## (قسط پنجم)

## عنقریب پیش کیا جائے گا۔

### مکتبۃ المدینہ کی شاخیں


کراچی:۔ شہید مسجد کھارادر۔ فون: 2203311 - 2314045
حیدرآباد:۔ فیضانِ مدینہ آفندی ٹاؤن۔ فون: 2620122
لاہور:۔ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ۔ فون: 7311679
ملتان:۔ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 4511192
سردارآباد (فیصل آباد):۔ امین پور بازار۔ فون: 2632625
راولپنڈی:۔ اصغر مال روڈ نزد عید گاہ۔ فون: 4411665
کشمیر:۔ چوک شہیداں میرپور۔ 058-61037212
پشاور:۔ فیضانِ مدینہ گلبرگ نمبر 1 انور اسٹریٹ صدر پشاور۔

مکتبۃ المدینہ
فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
فون: 4921389-93/4126999 فیکس: 4125858
Email:maktaba@dawateislami.net \ www.dawateislami.net